ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

# کشمیر دھرتی راولاکوٹ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | جمعۃ المبارک 12 ستمبر 2025ء، 18 ربیع الاول 1447ء، 28 بھادوں 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 141

# اقوام متحدہ کی ایجنسیوں کے آزاد جموں وکشمیر میں جاری شراکتی سرگرمیوں اور تعاون کا جائزہ

پائیدار ترقی، سماجی ومعاشی بہتری، تعلیم، صحت اور ماحولیات کے شعبوں میں مشترکہ حکمتِ عملی پر غور، ترقیاتی ترجیحات کو مزید مؤثر بنائیں گے تاکہ خطے کی عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد پہنچائے جا سکیں

**آزاد جموں وکشمیر میں ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے جاری منصوبوں اور اقدامات پر اطمینان، آئندہ بھی حکومتِ آزاد جموں وکشمیر کے ساتھ قریبی تعاون اور بھرپور معاونت جاری رکھنے کا عزم**

مظفرآباد (پی آئی ڈی) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومتِ آزاد جموں وکشمیر میں اقوام متحدہ پائیدار ترقیاتی فریم ورک (UNSDCF) (2023-2027) کی اسٹیئرنگ کمیٹی کا پہلا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات عاطف الرحمٰن نے کی۔ اجلاس میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر (UNRC) محمد یحییٰ نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں اقوام متحدہ کی ایجنسیوں کی آزاد جموں وکشمیر میں جاری شراکتی سرگرمیوں اور تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر نے آزاد جموں وکشمیر میں ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے جاری منصوبوں اور اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اقوام متحدہ آئندہ بھی حکومتِ آزاد جموں وکشمیر کے ساتھ قریبی تعاون (بقیہ 36 صفحہ 03)

## تعمیر وترقی کا سفر جاری رہے گا، وزیر اعظم آزاد کشمیر

**اقتدار میں آنے کے بعد کرپشن، بددیانتی جیسے مسائل کا خاتمہ یقینی بنایا**

اسلام آباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق سے یونین کونسل کس چناتر سے راسب لطیف چھیدا، چوہدری تصیر احمد تحصیلدار، چوہدری اشفر رحیم، ڈاکٹر چوہدری طاہر اور رحیم، چوہدری طاہر ایوب نے ملاقات کی۔ دریں اثناء وزیراعظم سے یونین کونسل بڑھنگ سے چوہدری تنویر احمد، انظیر محمود، محمد حنیف، اصغر احمد اور عمر سرور نے ملاقات کی۔ وزیراعظم (بقیہ 33 صفحہ 03)

## اسرائیلی جارحیت کے بعد وزیراعظم کا اہم دورہ قطر

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ایک روزہ دورہ قطر (بقیہ 34 صفحہ 03)

## بابائے قوم کی خدمات مشعل راہ ہیں، چوہدری لطیف اکبر

**اصولوں کو مشعلِ راہ بنا کر ہی ترقی وخوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر کیا جا سکتا ہے**

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپیکر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کا قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں (بقیہ 35 صفحہ 03)

# جموں میں رکن اسمبلی کی گرفتاری، ڈوڈہ میں سخت پابندیاں عائد

احتجاج کو روکنے کیلئے بھارتی فورسز کی اضافی نفری تعینات، مواصلاتی رابطے منقطع، تعلیمی ادارے بھی بند

**انٹرنیٹ سروسز پر پابندی، لاٹھی چارج، آنسو گیس سمیت دیگر ہتھکنڈوں کا زور وشور سے استعمال، سخت خوف وہراس**

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر اسمبلی کے رکن معراج ملک کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کو روکنے کے لیے ڈوڈہ ضلع میں سخت پابندیاں لگا دی گئی ہیں، بڑے پیمانے پر فورسز کی تعیناتی، مواصلاتی رابطے منقطع اور تعلیمی ادارے بند کر دیے گئے ہیں۔ کرفیو جیسی پابندیاں لگائی گئی ہیں۔ جموں (بقیہ 37 صفحہ 03)

# غربا ونادار مریضوں کے علاج کیلئے 2 کروڑ 30 لاکھ کی منظوری

امراض دل، سرطان، کڈنی ٹرانسپلانٹ کے مریضوں کیلئے پاکستان کے طبی ادارہ جات کو بذریعہ کراس چیک ادائیگی

**کسی شخص کا علاج آزاد کشمیر میں ممکن نہیں تو وہ پاکستان کے سرکاری ہسپتال میں زکوٰۃ کے ضلعی دفاتر قائم ڈیسک ہا سے رابطہ کرے**

مظفرآباد (پی آئی ڈی) محکمہ زکوٰۃ و عشر آزاد جموں وکشمیر کی جانب سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق حکومت آزاد کشمیر محکمہ زکوٰۃ و عشر کے ذریعہ ریاست کے نہایت غریب، نادار اور بے کس افراد کے بیرون آزاد کشمیر (پاکستان) علاج معالجہ کی مکمل سہولت دے رہی ہے۔ علاج معالجہ کمیٹی کا رواں مالی سال کا پہلا اجلاس وزیراعظم چوہدری انوار الحق کے احکامات کی روشنی میں سیکرٹری زکوٰۃ و عشر کی سربراہی میں مورخہ 10-09 (بقیہ 32 صفحہ 03)

مظفرآباد: چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر راجہ سعید اکرم خان اور سینئر ججز وکلاء کے ہمراہ کیک کاٹ کر گولڈن جوبلی تقریبات کا افتتاح کر رہے ہیں

# ریاست میں مثالی معاشرتی نظام قائم ہے

چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر

آزاد جموں کشمیر سپریم کورٹ کی 50 سال کی تکمیل اور گولڈن جوبلی پر اداروں کو آئین وقانون کی پاسداری کی تلقین، عدالتی اصلاحات پر زور، بھارتی مظالم کی مذمت، کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار

**آیئے ریاستی ایوان عدل کے پچاس برس پورے ہونے پر ہم سب مل کر ریاست اور اس کے تمام اداروں اور شہریوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے دعا کرتے ہیں، چیف جسٹس، جسٹس راجہ سعید اکرم خان**

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کی گولڈن جوبلی کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے قیام کے 50 سال مکمل ہونے پر اللہ کی اتھاہ گہرائیوں سے ریاست کی عوام، سابق اور موجودہ جج صاحبان، تمام وکلاء صاحبان اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ سابق چیف جسٹس اور جج صاحبان جو دنیا سے رحلت فرما گئے اور جو اس وقت حیات ہیں ان سب کو خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنی کاوشوں سے ادارے کے لئے مؤثر نظام فراہمی انصاف کے ذریعے ایک فلاحی ریاست کی بنیاد رکھی۔ آج کے دن بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کے اپنے بھائیوں، بہنوں، بزرگوں، بچوں اور نوجوانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے انہیں آزاد ریاست کے تمام باشندوں اور پوری پاکستانی قوم کی جانب سے بھارتی غیر قانونی قبضہ اور غیر قانونی اقدامات کے خلاف (بقیہ 39 صفحہ 03)

# پاک یو اے ای کا انسداد منشیات کے حوالے سے تعاون پر اتفاق

منشیات کے خلاف جنگ میں ہار کا کوئی آپشن نہیں، پاکستان نے اس سلسلہ میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے

**وزیر داخلہ محسن نقوی سے یو اے ای کی نیشنل اینٹی نارکوٹکس اتھارٹی کے چیئرمین کی ملاقات کے دوران تفصیلی گفتگو**

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے متحدہ عرب امارات کی نیشنل اینٹی نارکوٹکس اتھارٹی کے چیئرمین شیخ زید بن حمدان بن ہمدان آل نہیان کی ملاقات کی ہے۔ وزارت داخلہ آمد پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے شیخ زید بن حمدان بن ہمدان النہیان کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں (بقیہ 38 صفحہ 03)

مظفرآباد: چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر راجہ سعید اکرم خان اور سینئر ججز و دیگر وکلاء سپریم کورٹ کی گولڈن جوبلی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# اسمبلی کو جلانے کی دھمکی دینے والا سامنے تو آئے؟ فاروق حیدر

آزاد کشمیر کے عوام اور تاجران قانون ساز اسمبلی کو جلانے اور خانہ جنگی کا ماحول پیدا کرنے والوں کو مسترد کریں گے

**ریاست کو کمزور نا سمجھیں، پاک فوج اگر یہاں نا ہوتی تو مودی کی ناپاک فورسز نے قبضہ کیا ہوتا، سابق وزیراعظم**

چناری (صباح نیوز) سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اسمبلی کو جلانے کی دھمکی دینے والا سامنے تو آئے؟ جنگ بندی لائن کے نزدیکی علاقے چکوٹھی میں عوامی احتجاج سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام اور تاجران اسمبلی کو جلانے اور خانہ جنگی کا ماحول پیدا کرنے والوں کو مسترد کریں گے لوگوں کا حق ہے کہ وہ اپنی مرضی سے کاروبار کریں، گاڑیاں چلائیں اگر کوئی زبردستی روکے گا تو ریاست ایسا نہیں کرنے دے گی۔ اسمبلی کو جلانے کی دھمکی دینے والے ریاست کو کمزور نا سمجھیں، پاک فوج اگر یہاں نا ہوتی تو مودی کی ناپاک فورسز نے قبضہ کیا ہوتا۔ پاک فوج کے (بقیہ 54 صفحہ 03)

مظفرآباد: ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) آزاد کشمیر عاطف الرحمٰن اور اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر پاکستان محمد یحییٰ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## میکسیکو، گیس مینکر پھٹ گیا، 3 افراد ہلاک، 70 زخمی

**امدادی ٹیمیں موقعہ پر پہنچ گئیں، زخمی طبی امداد کیلئے فوری اسپتال منتقل**

میکسیکو سٹی (صباح نیوز) شمالی امریکا کے ملک میکسیکو میں گیس ٹینکر پھٹنے سے 3 افراد ہلاک اور 70 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ جنوب مشرقی (بقیہ 55 صفحہ 03)

## فرانس، بجٹ کٹوتیوں کیخلاف احتجاج، سڑکیں بلاک

پیرس (صباح نیوز) فرانس میں تقریباً 2 لاکھ افراد نے بجٹ کٹوتیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے صدر میکرون سے فوری استعفے کا مطالبہ کیا۔ فرانس کے مختلف شہروں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے، مختلف مقامات پر کچرے کے ڈبوں اور دیگر اشیا کو آگ لگا دی۔ مظاہرین (بقیہ 56 صفحہ 03)

## کشمیر میں بھارتی اقدامات بارے یو این کونسل میں شکایت

**بھارت کشمیریوں کی منفرد شناخت اور تاریخ مٹا رہا ہے، ایڈووکیٹ پرویز احمد**

جنیوا (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما ایڈووکیٹ پرویز احمد شاہ نے خبردار کیا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دیے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کی منفرد شناخت اور تاریخ کو مٹانے کے لیے ایک دانستہ مہم جاری (بقیہ 57 صفحہ 03)

## غزہ میں اسرائیلی جارحیت، مزید 72 فلسطینی شہید

غزہ (صباح نیوز) غزہ میں اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں گذشتہ 24 گھنٹوں میں 72 فلسطینی شہید ہو گئے۔ غزہ وزارت صحت نے جمعرات کو جاری بیان میں کہا ہے کہ مزید 356 فلسطینی زخمی ہو گئے ہیں۔ الجزیرہ کے مطابق اسرائیلی فائرنگ میں امداد کے متلاشی 9 فلسطینی غزہ میں مارے گئے۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قحط اور (بقیہ 58 صفحہ 03)

## قائداعظم محمد علی جناح کی 77 ویں برسی کے موقع پر نیا عزم

**برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد اور خود مختار وطن کی نعمت سے نوازا، یوسف رضا**

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد اور خودمختار وطن کی نعمت سے نوازا۔ یوسف رضا گیلانی نے بابائے (بقیہ 59 صفحہ 03)

# ضبط شدہ، ٹیمپرڈ گاڑیوں سے متعلقہ قوانین، پالیسیوں کا جائزہ

تفصیلی غور وخوض کے بعد ذیلی کمیٹی کی جانب سے متفقہ طور پر ایک کسٹمز جنرل آرڈر کو حتمی شکل دی بھی دیدی گئی

**اس عمل سے ضبط شدہ اور ٹیمپرڈ گاڑیوں کے تصرف کے عمل کو منظم کیا جا سکے گا، نائب وزیراعظم پاکستان اسحاق ڈار کی گفتگو**

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں ضبط شدہ اور ٹیمپرڈ گاڑیوں سے متعلقہ موجودہ قوانین اور پالیسیوں کا جائزہ لیا گیا۔ بدھ کو دفتر خارجہ سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق ایک ذیلی کمیٹی کو ان گاڑیوں کے تصرف کے لیے ایک جامع طریقہ کار وضع کرنے کا کام تفویض کیا گیا تھا۔ تفصیلی غور وخوض کے بعد ذیلی کمیٹی نے متفقہ طور پر ایک کسٹمز جنرل آرڈر کو حتمی شکل دی جس کی بعد ازاں (بقیہ 60 صفحہ 03)

## سپریم کورٹ کی گولڈن جوبلی، تین روزہ تقریبات کا آغاز

**افتتاحی تقریب سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد میں منعقد ہوئی**

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کی گولڈن جوبلی کے موقع پر تین روزہ تقریبات کا آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلہ میں افتتاحی تقریب جمعرات کے روز سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد میں ہوئی۔ چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان، سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نسیم اور جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان نے وکلاء کے ہمراہ کیک کاٹ کر گولڈن جو (بقیہ 53 صفحہ 03)

## اے این ایف کی آئس اسمگلنگ کیخلاف بڑی کامیابی

**بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، کنٹینر سے آئس برآمد**

راولپنڈی (صباح نیوز) اے این ایف کی آئس اسمگلنگ کیخلاف بڑی کامیابی، سمندری راستے سے بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی، ساؤتھ ایشیا پاکستان ٹرمینل، کراچی میں کنٹینر میں موجود مصالحہ جات کے ڈبوں میں چھپائی گئی 100 کلو 800 گرام آئس برآمد کر لی (بقیہ 52 صفحہ 03)

## اسرائیل کے یمن پر حملے، 35 افراد جاں بحق، 131 زخمی

**اسرائیل نے صنعا اور الجوف میں رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا، غیر ملکی میڈیا**

صنعا (صباح نیوز) اسرائیل کے یمن کے دارالحکومت صنعا اور الجوف صوبے پر حملے میں 35 افراد جاں بحق اور 131 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق اسرائیل نے یمن کے دارالحکومت صنعا اور الجوف گورنریٹ میں فضائی حملے کیے، یہ حملے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں (بقیہ 51 صفحہ 03)

## سیلاب متاثرین کیلئے ہزاروں لٹر تیل پاکستان کے حوالے

**سعودی سفیر نے 6 ہزار لٹر ڈیزل، پیٹرول این ڈی ایم اے کے حوالہ کر دیا**

اسلام آباد (صباح نیوز) سعودی عرب نے سیلاب متاثرین کیلئے ہزاروں لٹر تیل پاکستان کے حوالے کر دیا۔ سعودی سفیر نواف سعید المالکی نے 6 ہزار لٹر ڈیزل اور پیٹرول این ڈی ایم اے کے حوالے کر دیا۔ سعودی سفارتخانے میں سعودی کمپنی وافی انرجی کی طرف سے سیلاب متاثرین (بقیہ 50 صفحہ 03)

## شمالی وزیرستان، بنوں میں کارروائیاں، 19 دہشتگرد ہلاک

**ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، کلیئرنس آپریشن جاری**

راولپنڈی (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے علاقے مہمند، شمالی وزیرستان اور بنوں میں کارروائیوں کے دوران 19 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے مہمند، شمالی وزیرستان اور بنوں میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 9 اور 10 (بقیہ 49 صفحہ 03)

## اسرائیل 7 ریاستوں پر حملے کر چکا ہے، ملیحہ لودھی کی تشویش

**سکیورٹی کونسل مفلوج ہو چکی ہے جنگ بندی پر اسرائیل کی توجہ نہیں ہے**

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق سفیر ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ اسرائیل اب تک 7 ریاستوں پر حملے کر چکا ہے، پوری دنیا نے مذمت کے علاوہ کچھ نہیں کیا، امریکا اگر اسرائیل پر دباؤ ڈالتا ہے تو ہی اسرائیل رک سکتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں امریکا کا (بقیہ 48 صفحہ 03)

## بانی پی ٹی آئی کیخلاف تمام مقدمات کی تفصیلات طلب

**وکیل بیرسٹر سلمان کی کیس کی سماعت کیلئے لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا**

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے نیب، ایف آئی اے اور پولیس سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کیخلاف مقدمات کی تفصیلات طلب کر لیں جب کہ وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے کیس کی سماعت کے لیے لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا کر دی۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ (بقیہ 47 صفحہ 03)

# شہر کی تعمیر وترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، سردار عبدالنعیم

غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ سے وابستہ صحافیوں نے انتہائی نامساعد حالات میں بھی بھرپور کردار ادا کیا ہے

**صحافیوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کردار ادا کریں گے، میئر و ڈپٹی میئر کی دورہ پریس کلب کے موقع پر گفتگو**

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) میئر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار عبدالنعیم خان اور ڈپٹی میئر قاضی افتخار احمد نے جمعرات کے روز غازی ملت پریس کلب رجسٹرڈ راولاکوٹ کا دورہ کیا جہاں پریس کلب کے صحافیوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور شکریہ ادا کیا۔ میئر میونسپل کارپوریشن سردار عبدالنعیم خان نے کہا کہ پریس کلب سے وابستہ صحافیوں نے انتہائی نامساعد حالات کے باوجود قلم کی حرمت کو قائم رکھا اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے ہے (بقیہ 40 صفحہ 03)

## پاکستان کے سیاسی اختلافات مسائل کی اہم ترین وجہ قرار

**دہشتگردی روکنے کی کوششیں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، امریکی جریدہ**

اسلام آباد (صباح نیوز) امریکی جریدے دی ڈپلومیٹ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان کی دہشت گردی کو روکنے کی کوششیں سیاسی اختلافات سے متاثر ہو رہی ہیں۔ دی ڈپلومیٹ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خیبرپختونخوا حکومت کی ترجیح ٹی ٹی پی سے مذاکرات ہے، یہ وفاق (بقیہ 41 صفحہ 03)

## مرزا آفریدی، اعظم سواتی سمیت 4 پی ٹی آئی ارکان سینیٹ قائمہ کمیٹیوں سے مستعفی

اسلام آباد (صباح نیوز) پی ٹی آئی کے مرزا آفریدی اور اعظم سواتی، دوست محمد، ذیشان خانزادہ نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں سے استعفیٰ دے دیا، استعفے چیئرمین سینیٹ کو ارسال کر دیے گئے۔ پی ٹی آئی سینیٹرز نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں سے مستعفی ہونے پر غور شروع کر دیا ہے۔ قومی اسمبلی (بقیہ 42 صفحہ 03)

## وزیراعظم سے بنگلا دیشی مشیر مذہبی امور ڈاکٹر خالد کی ملاقات

**تجارت سمیت دوطرفہ تعلقات پر اظہار اطمینان، بھرپور تعاون پر اتفاق**

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف سے بنگلا دیشی مشیر مذہبی امور نے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازوں کی بحالی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا ونگ پی ایم ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بنگلا دیش کے مشیر برائے (بقیہ 43 صفحہ 03)

## صدر زرداری کا دورہ چین، آج (جمعہ کو) 10 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری چین کی حکومت کی دعوت پر آج (جمعہ کو) 10 روزہ سرکاری دورے پر جمعہ کو بیجنگ روانہ ہوں گے۔ صدر پاکستان اس دوران چین کے شہروں چینگدو، شنگھائی اور سنکیانگ (بقیہ 44 صفحہ 03)

## سیلاب سے متاثرہ 294 فیڈر مکمل، 238 جزوی بحال

**2 لاکھ 83 ہزار 496 متاثرہ صارفین کی بجلی ابھی تک بحال نہیں ہو سکی**

اسلام آباد (صباح نیوز) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں مجموعی طور پر 51 گرڈ اور 537 فیڈرز متاثر ہوئے، 294 فیڈر مکمل اور 238 جزوی طور پر بحال ہو گئے ہیں۔ 1730100 متاثرہ صارفین میں سے 1446604 صارفین کیلئے بجلی بحال کر دی گئی ہے، 2 لاکھ 83 ہزار 496 (بقیہ 45 صفحہ 03)

# سرکاری تعلیمی اداروں میں جسمانی سزا کیخلاف کارروائی ہوگی، مراسلہ

جسمانی سزا ہر شکل میں ممنوع، کچھ عرصے سے بوائز سکولز میں بچوں کو جسمانی سزا دینے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں

**سربراہان ادارہ جات کو 13 ستمبر 2025 تک فنکشنل ایکشن کمیٹیز کے نوٹیفکیشن جمع کروانے اور سیمینار کے انعقاد کی ہدایت**

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت کے سرکاری سکولوں میں طلبہ کو جسمانی سزا دینے پر سخت کارروائی ہوگی، وفاقی نظامت تعلیمات نے تمام سرکاری سکولوں کو مراسلہ جاری کر دیا۔ اس خبر رساں ادارے کے مطابق وفاقی نظامت تعلیمات نے ایک مراسلہ جاری کیا ہے جس کی کاپی تمام سرکاری سکولز وکالجز کے سربراہان کو ارسال کی گئی ہے، مراسلے کے متن کے مطابق اسلام آباد کے سرکاری سکولوں وکالجوں میں جسمانی سزا دینے پر سخت کارروائی ہوگی، کچھ عرصے سے بوائز سکولز میں بچوں کو جسمانی سزا دینے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ طلبہ کو جسمانی سزا ہر شکل میں مکمل ممنوع ہے۔ تمام اداروں (بقیہ 46 صفحہ 03)

مظفرآباد: چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر راجہ سعید اکرم خان، سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ نسیم اور جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان کو سپریم کورٹ کی گولڈن جوبلی کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کشمیر ... پیش کر رہے ہیں

بقیہ 1

خواجہ محمد نعیم نے کہا کہ ٹیوٹا اپنی مثال آپ ہے جو پورے آزاد کشمیر میں نہ صرف خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے تربیتی مراکز قائم کر رہا ہے بلکہ مختلف کورسز کے ذریعے انہیں بامقصد ہنر بھی فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح یہ ہے کہ خواتین اور مرد دونوں کو یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ گھریلو سطح پر خوشحالی لا سکیں اور سماجی و معاشی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اس لیے ہے کہ ٹیوٹا نے آزاد کشمیر کے طول و عرض میں سلائی کڑھائی، کمپیوٹر آئی ٹی، الیکٹریکل، آٹو موبائل، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشنگ، الیکٹرانکس، ووڈ ورکنگ، ووڈ کارونگ، بیوٹیشن کورسز اور دیگر فنی تربیت کے پروگرام شروع کر رکھے ہیں۔ ان کورسز میں بڑی تعداد میں خواتین حصہ لے رہی ہیں جو ہنر سیکھنے کے بعد اپنے گھروں میں چھوٹے کاروبار چلا رہی ہیں اور اپنے خاندان کی آمدنی میں اضافہ کر رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بھی جدید تقاضوں کے مطابق ٹریننگ دی جا رہی ہے تاکہ وہ اندرون و بیرون ملک بہتر روزگار حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ مختلف ممالک کی زبانوں کے کورسز بھی کروا رہا ہے، جن میں جاپانی، کورین، جرمن کورسز شامل ہیں۔ ان کورسز کا مقصد یہ ہے کہ آزاد کشمیر کے ہنر مند نوجوان بیرون ممالک جا کر ملازمت کے بہتر مواقع حاصل کریں اور زرمبادلہ کما کر نہ صرف اپنے گھروں بلکہ خطے کی معیشت کو بھی مستحکم کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر اور ادارے ہے کے ٹیوٹا کی سرپرستی کر رہی ہے۔ عملی کا مقصد یہ ہے کہ علاقے سے بیروزگاری کا خاتمہ کیا جائے۔ بیروزگاری صرف ایک فرد کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے معاشرے پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ہنر مند نوجوان اور خواتین جب اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں گے تو وہ نہ صرف اپنے خاندان کو سہارا دیں گے بلکہ سماج میں غربت اور محرومی کے خاتمے کی راہ بھی ہموار ہو گی۔ خواجہ نعیم کل نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کو صرف گھریلو ذمہ داریوں تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ انہیں مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ تعلیم و ہنر کے ساتھ معاشی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔ اس حوالے سے محکمہ مختلف اضلاع میں خصوصی کورسز کا اہتمام کر رہا ہے جن میں خواتین کی شمولیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اسے ہے کے ٹیوٹا نے ہمیشہ معیار کو مقدم رکھا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج آزاد کشمیر کے طول و عرض میں ہزاروں نوجوان اور خواتین تربیت یافتہ ہو کر خود روزگار کے ذرائع سے مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ تمام اقدامات حکومت آزاد کشمیر کے اس وژن کی عکاسی کرتے ہیں جس کے تحت وہ خطے میں بیروزگاری کو کم سے کم اور خوشحالی کو زیادہ سے زیادہ دیکھنا

# Editorial ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

## جعلی کمپنیوں کے خلاف کارروائی

آزاد کشمیر محکمہ صحت کی جانب سے چھ کمپنیوں کو جعلی اور ناقص دستاویزات جمع کرانے کے الزام میں پانچ سال کے لیے بلیک لسٹ کرنا نہ صرف قابلِ تحسین اقدام ہے بلکہ ایک اہم مثال بھی ہے۔ عرصہ؟ دراز سے یہ شکایات سامنے آ رہی تھیں کہ بعض ٹھیکیدار اور ڈسٹری بیوٹرز سرکاری منصوبوں میں جعلی کاغذات اور ناقص سامان فراہم کر کے قومی وسائل کو بے دردی سے لوٹتے ہیں۔ نتیجتاً نہ صرف حکومتی منصوبے متاثر ہوتے ہیں بلکہ عوام براہ راست صحت اور فلاح و بہبود سے محروم رہتے ہیں۔ یہ حقیقت تلخ ہے کہ قومی خزانے کو لوٹنے والوں نے ہمیشہ کاغذی کارروائیوں، سفارشات اور کمزور نگرانی کے سہارے نظام کو یرغمال بنائے رکھا۔ ایسے عناصر جب جعلی دستاویزات کے ذریعے ٹینڈرز حاصل کرتے ہیں تو سرکاری وسائل ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ عوامی اعتماد بھی بری طرح مجروح ہوتا ہے۔ محکمہ صحت کا یہ فیصلہ اس امر کا عندیہ ہے کہ اب لوٹ مار کرنے والوں کے خلاف محض وقتی اقدامات نہیں، بلکہ سنجیدہ اور دیرپا کارروائیاں کی جائیں گی۔

تاہم صرف بلیک لسٹنگ کافی نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کمپنیوں کے خلاف فوجداری مقدمات چلائے جائیں، تاکہ یہ رجحان جڑ سے ختم ہو۔ جب تک ذمہ دار افراد کو جیلوں تک نہیں پہنچایا جائے گا اور مالی جرمانے عائد نہیں کیے جائیں گے، اس وقت تک بدعنوانی کا یہ سلسلہ تھمنے والا نہیں۔ ساتھ ہی ضروری ہے کہ ٹینڈرز اور پروکیورمنٹ کے پورے نظام میں شفافیت لائی جائے، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ہو، اور ہر معاہدے کی آزادانہ آڈٹ رپورٹ عوام کے سامنے لائی جائے۔ یہ قدم اگر محض دکھاوے تک محدود نہ رہا اور واقعی سختی سے قانون نافذ کیا گیا تو آنے والے وقت میں نہ صرف بدعنوان عناصر کی حوصلہ شکنی ہوگی بلکہ عوامی اعتماد بحال ہوگا۔ قومی وسائل امانت ہیں، اور ان کے تحفظ کے لیے سخت ترین فیصلے وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہیں۔

## سیلاب کی تباہ کاریاں اور ہمارے رویے

پروفیسر محمد ایاز کیانی

اس سال پری مون سون اور طویل مون سون بارشوں کے نتیجے میں پہلے خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر متاثر ہوئے۔ سڑکیں، گھر اور دیگر تعمیرات بری طرح متاثر ہوئیں اور مختلف حادثات میں کئی قیمتی جانیں بھی چلی گئیں۔ ابھی ان پہاڑی علاقوں میں یہ تباہ کاریاں جاری تھیں کہ سیلاب نے پنجاب کا رخ کیا۔ بپھرے دریاؤں نے چشم زدن میں ہنستی بستی بستیوں کو اجاڑ دیا، لاکھوں ایکڑ پر پھیلی فصلیں تباہ ہوئیں اور تعداد کثیر اپنے گھروں سے نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق حالیہ سیلاب سے کم و بیش 24 لاکھ افراد متاثر ہوئے۔ جن میں سے 10 لاکھ کو متبادل جگہوں پر منتقل کیا جا سکا جبکہ زیادہ تر نہایت کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔ راوی چناب اور ستلج کا دامن تنگ پڑ گیا اور پانی کے منہ زور ریلوں نے لاکھوں ایکڑ زمینوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ بھارت کی طرف سے بھی زیادہ پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے ان دریاؤں نے زیادہ نقصانات کیے۔ پنجاب کو اجاڑتا ہوا یہ سیلاب اب سندھ کا رخ کر رہا ہے۔

یہ سیلاب کوئی پہلی دفعہ نہیں آیا۔ اس سے قبل بھی ملک اس طرح کی تباہی کا سامنا کر چکا ہے۔ قدرتی آفات، زلزلے، سیلاب اور وبائی امراض کیوں آتے ہیں اس کی توجیہات ہر آدمی اپنی سمجھ اور سوچ کے مطابق کر رہا ہے۔ مذہبی طبقہ اسے انسان کے برے اعمال کا نتیجہ قرار دے رہا ہے جبکہ جدید سوچ رکھنے والے ان حادثات کو مناسب منصوبہ بندی کا فقدان قرار دیتے ہیں۔ قدرتی آفات کو روکنا شاید انسانی امکان سے باہر ہے، مگر مناسب منصوبہ اور بہتر حکمت عملی سے ان آفات کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کی شدت کو کم ضرور کیا جا سکتا ہے۔ ماہرین موسمیات کا کہنا ہے کہ جنگلات کی بے دریغ کٹائی بھی اس طرح کے غیر یقینی موسم کی بڑی وجہ ہے۔ بدقسمتی سے ہم نے جنگلات کے رقبے میں اضافے کے بجائے جنگلات کو اجاڑنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ آزاد کشمیر جو ایک چھوٹا سا خطہ ہے۔ یہاں پر ہم نے جنگلات کے رقبے میں اضافے کی بجائے پہلے سے موجود درختوں کو بے دریغ کاٹنا شروع کر دیا اور بااثر لوگوں کی دیکھا دیکھی عام لوگ بھی ان درختوں کو اجاڑنے میں حصہ بقدر جثہ حصہ لے رہے ہیں۔ ایک وقت تھا کہ دن کے وقت بھی ان جنگلات سے گزرتے ہوئے ڈر لگتا تھا مگر اب لگتا ہی نہیں ہے کہ یہاں کبھی گھنے جنگلات رہے ہیں۔ بے ہنگم ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی تعمیر نے بھی جہاں درختوں کو خوب اجاڑا ہے وہیں پر دریاؤں اور قدرتی ندی نالے بھی ان کی توسیع پسندانہ روش سے نہ بچ سکے۔

کراچی، لاہور، ملتان، سیالکوٹ اور راولپنڈی میں تو ہم نے تعمیرات کے وقت کسی بلڈنگ کوڈ اور ضابطے کو خاطر میں نہ لایا مگر افسوس صد افسوس کہ راولاکوٹ جیسے چھوٹے شہر میں بھی ہم نے تعمیرات کرتے وقت خوب اندھیر مچائے رکھی اور ندی نالوں پر رہائشی مکانات کے ساتھ ساتھ کثیر المنزلہ پلازے اور دکانیں تعمیر کر دیں جس کی وجہ سے شاید تاریخ میں پہلی دفعہ گزشتہ ماہ جامعہ پونچھ کی نوجوان لیکچرار پانی کی بے رحم لہروں کی نذر ہو کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔ یہ اپنی نوعیت کا ایک منفرد واقعہ تھا کہ مین شاہراہ پانی میں ڈوب گئی۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ سفارش اور رشوت سے متعلقہ محکموں سے این او سی حاصل کر کے نالوں پر تعمیرات کرتے ہیں۔ جب پانی کی نکاسی کے راستے بند کر دیے جائیں گے تو وہ بھاری مالی جانی نقصان کا باعث بنے گا۔ اسی طرح باغ میں نالہ ماہل کے اردگرد غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات نے بھی کافی نقصانات کیے ہیں۔ لاہور جیسے شہر میں دریائے راوی کے اردگرد غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں نے بے تحاشہ نقصان کیا ہے۔ مقام افسوس ہے کہ ان ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی تعمیر کے وقت متعلقہ ادارے اپنا کام درست طور پر نہیں کرتے۔ جس کی وجہ سے بہت زیادہ جانی اور مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ ہم نے قدرتی آفات سے کبھی کوئی سبق نہیں سیکھا اگر ہمارے ارباب اقتدار اور متعلقہ ادارے تاریخ سے سبق سیکھیں تو ان خوفناک نقصانات سے بچا جا سکتا ہے۔ پانی کے ذخائر کی تعمیر میں غفلت ہمیں دہرے تہرے نقصانات سے دوچار کرتی ہے۔ اگر پانی کے ذخائر (ڈیمز) کی تعمیر پر سیاست نہ کی جائے اور مجموعی قومی مفاد کو مدنظر رکھا جائے تو ہر سال اربوں ڈالرز کے نقصانات سے بچا جا سکتا ہے اور یہ پانی بجائے زحمت کے رحمت کا باعث بن سکتا ہے۔ ملک گزشتہ کئی عشروں سے توانائی کے بحران سے دوچار ہے اور کئی کئی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ زراعت، انڈسٹری اور دیگر کاروبار کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ پن بجلی سے نہ صرف سستی بجلی پیدا کی جا سکتی ہے بلکہ پانی کے ذخائر سے ہماری زراعت کو بھی بے تحاشا فائدہ ہو سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بھارت کی طرف سے آبی جارحیت کے آئے روز کے خطرات کو بھی ڈیمز کی تعمیر سے کم سے کم کیا جا سکتا ہے۔ اگر ہم نے مصلحتوں کے منحوس سائیوں سے جان نہ چھڑائی اور وسیع تر قومی مفاد کو مدنظر نہ رکھا تو تاریخ کا سبق یہی ہے کہ ہم ہر سال اسی طرح نہ صرف لاشیں اٹھاتے رہیں گے بلکہ ناقابل تلافی نقصانات کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔ اگرچہ موسمی تغیرات سے پوری دنیا ہی متاثر ہو رہی ہے مگر دنیا دم درود سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات اٹھاتی ہے جس کی وجہ سے وہاں نقصانات کا حجم ہمارے مقابلے میں ہمیشہ بہت محدود ہوتا ہے۔

ماہرین موسمیات کا کہنا ہے کہ اگلے سال اس سے بھی زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ ان حالات میں اگر ہم کمفرٹ زون سے نکل کر جنگی بنیادوں پر ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بروئے کار نہ آئے تو پھر ہمیں کسی بیرونی دشمن کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔ ہم اپنے ہاتھوں ہی اپنی قبر کھودیں گے۔ کیا ہمارے ارباب بست و کشاد ان نقصانات سے بچاؤ کے لیے ہنگامی اقدامات اٹھائیں گے؟ اس سوال کا جواب وقت ہی دے گا

☆☆☆☆☆

## قدیم قبرستانوں میں جگہ ختم ہونا ایک سنجیدہ المیہ ہے

کاہنہ ایک قدیم قصبہ ہے جو ضلع لاہور میں فیروزپور روڈ پر صدیوں سے آباد ہے۔ کاہنہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے انتخابی حلقے میں شامل گنجان آباد علاقہ ہے۔ یہاں کے قبرستان بھی اسی تاریخ کا حصہ ہیں۔ یہ قبرستان نہ صرف مرحومین کی آخری آرام گاہ ہیں بلکہ ان میں کئی بزرگ، مشائخ اور ماضی کی نامور شخصیات مدفون ہیں۔ آبادی میں تیزی سے اضافے کے باعث ان قبرستانوں پر شدید دباؤ پڑ چکا ہے۔ موجودہ حالت یہ ہے کہ پرانی قبروں پر دوبارہ قبریں بنائی جا رہی ہیں جو شرعی اور اخلاقی لحاظ سے درست نہیں۔ بعض جگہوں پر قبریں ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہیں اور تدفین کے لیے جگہ ڈھونڈنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔

قبرستان کسی بھی معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں۔ یہ محض زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ انسانی وقار اور سماجی ذمہ داری کا مظہر ہیں۔ کاہنہ کے گردونواح کے قدیم قبرستانوں میں جگہ ختم ہونا ایک سنجیدہ المیہ ہے جو فوری اقدامات کا متقاضی ہے۔ حکومت پنجاب کو چاہیے کہ اس معاملے کو اولین ترجیح دے اور فوری طور پر زمین مختص کرے تاکہ عوام کو اپنے پیاروں کی تدفین کے وقت مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ہم نے آج اس مسئلے کو نظرانداز کیا تو آنے والے برسوں میں حالات مزید بگڑ جائیں گے اور تدفین کے معاملات ایک بڑا بحران بن جائیں گے۔ یہی وقت ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک باوقار نظام قائم کریں۔

کاہنہ اور اس کے گردونواح کی بستیاں لاہور کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کا عملی ثبوت ہیں۔ یہاں روز بروز نئی ہاؤسنگ سکیمیں وجود میں آ رہی ہیں، زمینیں رہائشی اور کمرشل منصوبوں کے لیے تیزی سے فروخت کی جا رہی ہیں، افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ انسانی زندگی کے سب سے لازمی تقاضوں میں سے ایک یعنی قبرستان کے لیے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔ نتیجتاً صورت حال یہ ہے کہ کاہنہ اور اطراف کے قدیم قبرستان اپنی گنجائش پوری کر چکے ہیں اور اب نئی قبروں کے لیے زمین باقی نہیں رہی۔ یہ ایک سنگین سماجی اور انسانی مسئلہ ہے جس پر حکومت پنجاب کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

لاہور کے گردونواح میں تیزی سے ہاؤسنگ سوسائٹیاں بن رہی ہیں۔ زمین مالکان اور ڈویلپر حضرات منافع کمانے کے لیے زرعی اراضی کو رہائشی منصوبوں میں بدل رہے ہیں۔ ہر نئی سکیم میں پلاٹس، مارکیٹیں اور کمرشل ایریاز تو شامل کیے جاتے ہیں پر قبرستان اور پارک جیسے بنیادی تقاضے نظرانداز کر دیے جاتے ہیں۔ اس غفلت کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ موجودہ رہائشی سکیموں کے مکینوں کو اپنے عزیز و اقارب کی تدفین کے لیے میلوں دور جانا پڑتا ہے۔

کاہنہ کے اطراف میں تقریباً سو کے قریب نئی رہائشی سکیمیں آباد ہو چکی ہیں پر کسی ایک میں بھی قبرستان یا پارک کی سہولت فراہم نہیں کی گئی۔ یہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہی نہیں بلکہ سماجی ذمہ داری سے بھی روگردانی ہے۔

اس مسئلے کے باعث مقامی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ وفات ایک ایسا معاملہ ہے جو اچانک پیش آتا ہے اور اس وقت فوری تدفین کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب مقامی قبرستانوں میں جگہ نہ ہو تو لواحقین کو دور دراز علاقوں میں میت لے جانا پڑتی ہے۔ پرانے قبرستانوں میں گنجائش نہ ہونے کے باعث آئے روز جھگڑے بھی جنم لیتے ہیں۔ کوئی شخص اپنی خاندانی قبر کے قریب تدفین کرنا چاہتا ہے پر جگہ نہ ہونے کے باعث تنازعات کھڑے ہو جاتے ہیں۔

قانونی طور پر ہر نئی ہاؤسنگ سکیم کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم پانچ فیصد رقبہ عوامی سہولتوں جیسے قبرستان اور پارک کے لیے مختص کرے۔ افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ اکثر سکیمیں اس قانون کی صریح خلاف ورزی کرتی ہیں اور متعلقہ ادارے آنکھیں بند کر لیتے ہیں۔ حکومت پنجاب اور لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (LDA) کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ اس قانون پر سختی سے عمل درآمد کروائیں۔

حکومت پنجاب کو چاہیے کہ کاہنہ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں فوری طور پر سرکاری سطح پر قبرستانوں کے لیے زمین مختص کرے۔ جس طرح سکولز، ہسپتال اور سڑکیں عوامی ضرورت ہیں، اسی طرح قبرستان بھی زندگی کا لازمی حصہ ہیں۔ ایک منصوبہ بندی کے تحت وسیع رقبہ مخصوص کیا جائے تاکہ آئندہ کئی دہائیوں تک تدفین کے مسائل پیدا نہ ہوں۔

یہ مسئلہ صرف حکومت پر چھوڑ دینا کافی نہیں۔ مقامی سیاسی، سماجی تنظیمیں، علماء کرام اور عوامی نمائندے بھی اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔ عوامی دباؤ کے بغیر حکومت عموماً حرکت میں نہیں آتی۔ لوگ اجتماعی طور پر آواز بلند کریں اور متعلقہ محکموں کو درخواستیں دیں تو یقیناً مثبت نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔

مزید برآں مخیر حضرات بھی اس کار خیر میں حصہ ڈال سکتے ہیں۔ کوئی شخص یا خاندان اپنی زمین قبرستان کے لیے وقف کرے تو یہ نہ صرف صدقہ جاریہ ہوگا بلکہ ہزاروں افراد کی مشکلات کم ہو جائیں گی۔

قانون پر سختی سے عمل درآمد۔ ہر نئی ہاؤسنگ سکیم کو قبرستان کے لیے زمین مختص کرنے پر مجبور کیا جائے۔ حکومت پنجاب فوری طور پر کاہنہ اور اطراف میں بڑے پیمانے پر قبرستان قائم کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات کرے۔ عوام کو بھی یہ شعور دیا جائے کہ وہ کسی رہائشی سکیم میں مکان یا پلاٹ خریدتے وقت قبرستان اور پارک جیسی سہولتوں کی موجودگی کو ترجیح دیں۔

## نئے گیس کنکشنز کی منظوری کا خوش آئند فیصلہ

وفاقی کابینہ نے آٹھ برس بعد بالآخر نئے گیس کنکشنز کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ عوامی توقعات کے عین مطابق بھی ہے۔ طویل انتظار کے بعد یہ سہولت دستیاب ہونا عوام کے لیے یقیناً کسی ریلیف سے کم نہیں ہے۔

عوامی سطح پر اس اعلان کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ وہ گھرانے جو برسوں سے گیس کنکشن کے لیے دربدر تھے، اب نئی امید کے ساتھ مستقبل کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ سلیب سسٹم نے گیس میٹرز رکھنے والوں کے ہاتھ اس قدر باندھ رکھے ہیں کہ کسی ضرورت مند ہمسائے کو گیس کی سہولت دینا تو درکنار وہ اپنی ضرورت کے لیے گیس کا استعمال بھی بڑی احتیاط کے ساتھ کرنے پر مجبور ہیں۔ ایسی صورت میں گیس کنکشن نہ رکھنے والے صارفین کی مایوسی بہت بڑھی ہوئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ متوسط اور نچلے طبقے کے لیے وفاقی کابینہ کی نئے گیس کنکشنز دینے کی منظوری کا یہ فیصلہ خاص طور پر خوشی کا باعث ہے کیونکہ مہنگی ایل پی جی ان کے بجٹ کو بری طرح متاثر کر رہی تھی۔ اگر اس فیصلے پر عملی طور پر شفاف اور منصفانہ عمل درآمد ہوتا ہے تو عوامی اعتماد حکومت پر مزید بڑھے گا۔

وفاقی حکومت کی طرف سے 2017ء میں نئے گیس کنکشنز لگانے پر پابندی لگائی گئی تھی جس کے باعث عوام لکڑی، کوئلہ اور مہنگی ایل پی جی پر انحصار کر رہے تھے۔ اس پابندی سے نہ صرف معیشت پر بوجھ بڑھا بلکہ لکڑی اور کوئلے کے استعمال کے بڑھنے سے ماحولیاتی آلودگی میں بھی اضافہ ہوا جس نے ہر سال اکتوبر تا نومبر میں آنے والی سموگ میں اپنا خاطر خواہ حصہ ڈالا۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت نئے کنکشنز کے ساتھ ساتھ گیس کے نئے ذخائر کی تلاش اور توانائی کے متبادل ذرائع کی ترقی پر بھی توجہ دے۔ تبھی یہ فیصلہ دور رس اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ جس طرح بجلی بنانے کے لیے شمسی توانائی سے مدد لی جا رہی ہے اسی طرح ہمارے سائنسدانوں کو شمسی توانائی کو بطور ایندھن استعمال کرنے پر کام کر کے عوام کا بہت بڑا مسئلہ حل کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ اس سلسلے میں حکومت کے علاوہ پرائیویٹ کمپنیز کو بھی فنڈز مختص کر کے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ گیس کے موجودہ ذخائر پر انحصار کر کے بیٹھ رہنا مناسب نہیں ہے۔ ان ذخائر کے ختم ہونے سے پہلے گیس کے مزید ذخائر دریافت کرنے پر تیزی سے کام کرنا ہوگا۔ ایندھن کے متبادل اور سستے ذرائع کی تلاش پر بھی سنجیدگی سے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو وفاقی کابینہ کا یہ فیصلہ نہ صرف نئے صارفین کے لیے وقتی ریلیف ثابت ہوگا بلکہ پرانے صارفین بھی اس سہولت سے محروم ہو جائیں گے۔

اپوزیشن جماعتیں اس طرح کے فیصلوں پر ہمیشہ تنقید کرتی رہی ہیں۔ یہ ہمارے سیاسی نظام کی ستم ظریفی ہے کہ حکومتوں کے عوامی فلاح کے کاموں پر اپوزیشن جماعتیں محض اس وجہ سے تنقید کرتی ہیں کہ حکومت عوام میں مقبول ہو جائے گی اور یہ مقبولیت آئندہ الیکشن میں اسے فائدہ دے گی۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب چند ماہ بعد پنجاب میں بلدیاتی انتخابات ہونے جا رہے ہیں۔ اپوزیشن جماعتیں اس فیصلے کو سیاسی شعبدہ بازی یا انتخابی حکمت عملی قرار دے سکتی ہیں۔ ان کا یہ موقف ہو سکتا ہے کہ ملک میں تو گیس کے اتنے ذخائر موجود ہی نہیں جو بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کر سکیں۔ ماضی میں بھی بارہا ایسے اعلانات کیے گئے لیکن عملی طور پر عوام کو لوڈشیڈنگ، شارٹ فال اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ اس لیے اپوزیشن یہ سوال اٹھا سکتی ہے

## فوجی فاؤنڈیشن کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے کا پردہ چاک

عبدالباسط علوی

پاکستان کے قومی اداروں کے پیچیدہ اور کثیر جہتی تناظر میں فوجی فاؤنڈیشن محض ایک تنظیم کے طور پر نہیں بلکہ سماجی و اقتصادی استحکام، سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود اور قومی ترقی کے لیے ایک بنیادی اور ناگزیر ستون کے طور پر ابھرتی ہے۔ اس حقیقت کی حال ہی میں اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ تھنک ٹینک (EPBD) کے نہایت ہی منظم طریقے سے تحقیق کیے گئے افتتاحی "ویلتھ پرسیپشن انڈیکس 2025" میں اس کی اعلیٰ درجہ بندی نے بھرپور تصدیق کی ہے۔ اس جامع اور مستند انڈیکس، جو ملک کے 78 ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر جاری کیا گیا، نے پاکستان کے چالیس سرفہرست سرکاری اور نجی شعبے کے بڑے کاروباری اداروں کا ایک غیر معمولی اور تفصیلی مجموعہ پیش کیا، جو پہلی بار ملک کے سب سے زیادہ بااثر اور طاقتور اقتصادی اداروں کا ایک ڈیٹا پر مبنی منظرنامہ فراہم کرتا ہے جس میں مستقبل کے مکنہ اور بی کاروباری گروپوں کی ایک دور رس اور بلند عزائم والی فہرست بھی شامل تھی اور یوں ملک کے کاروباری مستقبل کی خاکہ کشی کی گئی۔ اس رپورٹ نے احتیاط کے ساتھ ہیں سرفہرست عوامی لسٹڈ کارپوریٹ گروپس اور بیس اعلیٰ کارکردگی والے اور متحرک نجی گروپس کی نشاندہی کی، جو جدید قوم سازی کے لیے ضروری مختلف اہم شعبوں جیسے کہ بینکنگ اور فنانس، سیمنٹ اور تعمیرات، کھاد اور زراعت، متنوع مینوفیکچرنگ، رئیل اسٹیٹ اور ہاؤسنگ، فاسٹ موونگ کنزیومر گڈز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور میڈیا اور مواصلات تک پھیلے ہوئے ہیں۔ اس طرح ملک کی معیشت کو زبردست مشکلات کے باوجود آگے بڑھانے والے طاقتور انجنوں کی ایک روشن اور پرامید تصویر پیش کی گئی۔ اس باوقار اور بااثر فہرست میں 5.90 بلین ڈالرز کی شاندار قدر کے ساتھ سرفہرست رہتے ہوئے فوجی فاؤنڈیشن نے خود کو دیگر صنعتی دیو قامت اور معروف ناموں جیسے کہ ہبیب دے/ یو بی ایل گروپ (4.51 بلین ڈالرز)، یونس برادرز/لکی گروپ (2.59 بلین ڈالرز)، نشاط گروپ/ایم سی بی (2.39 بلین ڈالرز) اور اینگرو ہولڈنگز (2.39 بلین ڈالرز) کی باوقار فہرست میں پایا اور یہ درجہ بندی اس کی بے پناہ مالی مضبوطی، کارپوریٹ قدر اور بہترین انتظامی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جو اسے کاروباری دنیا کا ایک دیو قامت ادارہ ثابت کرتی ہے۔ EPBD کی رپورٹ نے مالی درجہ بندی کے علاوہ یہ بھی بتایا کہ یہ کاروباری ادارے اجتماعی طور پر قومی خزانے میں اربوں روپے کے خطیر ٹیکس محصولات جمع کراتے ہیں، آبادی کے ایک اہم حصے کو بڑے پیمانے پر پائیدار اور رسمی روزگار فراہم کرتے ہیں اور اگلے دس سالوں میں اپنے پہلے سے مضبوط اقتصادی اثرات کو دوگنا کرنے کی قابل قدر صلاحیت رکھتے ہیں، بشرطیکہ وہ ایک ایسی قابل، مستقل اور معاون پالیسی فریم ورک کے اندر کام کریں جو ترقی کو روکنے کے بجائے اس کی حوصلہ افزائی کرے۔ تھنک ٹینک نے مزید ایسے جدید اور عملی اقدامات کی سفارش کی جو عوامی پالیسی کی تشکیل اور نجی کاروباری عمل درآمد کے درمیان دیرینہ اور اکثر غیر پیداواری خلا کو پُر کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں جن میں ان کارپوریٹ اداروں کے اندر سینئر سرکاری ملازمین کے لیے تجویز "سیکنڈمنٹ" اور انٹرن شپ پروگرام شامل ہیں، جس سے ریگولیٹرز اور ریگولیٹڈ کے درمیان اور حکومت اور ترقی کے انجنوں کے درمیان ایک انتہائی ضروری باہم آہنگی، مفاہمت اور شراکت داری کو فروغ ملے۔ EPBD کا بنیادی نتیجہ یہ تھا کہ یہ درجہ بندیاں غیر متزلزل طور پر نجی شعبے کی پائیدار، طویل مدتی اور جامع اقتصادی ترقی کے بنیادی محرک کے طور پر کام کرنے کی بے پناہ پوشیدہ صلاحیت کو ظاہر کرتی ہیں، لیکن یہ کہ اس وسیع صلاحیت کو صرف اس صورت میں مکمل طور پر محسوس اور استعمال کیا جا سکتا ہے جب اسے مؤثر، مستقل اور مستقبل کی سوچ رکھنے والی حکومتی پالیسیوں اور ایک شفاف، قابل پیش گوئی اور قابل عمل ریگولیٹری فریم ورک کی حمایت حاصل ہو جو سرمایہ کاری، اختراع اور بین الاقوامی مسابقت کی حوصلہ افزائی کرے نہ کہ اسے بیوروکریسی اور غیر یقینی صورتحال سے دبا دے۔ رپورٹ نے طاقتور اور قائل انداز میں دلیل دی کہ حکومت، اپنے اندرونی طور پر محدود وسائل اور مسابقتی سماجی و سیاسی ترجیحات کے ساتھ، اکیلے پاکستان کے گہرے، تاریخی اور کثیر جہتی اقتصادی چیلنجوں کو حل نہیں کر سکتی اور اس لیے قومی خوشحالی، استحکام اور تمام شہریوں کے لیے پائیدار ترقی کی طرف حل کر راستہ بنانے کے لیے پالیسی سازوں اور سرفہرست نجی شعبے کے رہنماؤں کے درمیان سٹریٹجک، ادارہ جاتی اور شفاف شراکت داریوں کی نازک اور فوری ضرورت کو اجاگر کیا۔

افسوسناک طور پر فوجی فاؤنڈیشن کی تجارتی کامیابی اور اقتصادی شراکت کی یہ معروضی پہچان ملک کے اندر بعض سیاسی طور پر متحرک، نظریاتی طور پر کارفرما اور کم باخبر عناصر کی جانب سے بے بنیاد پروپیگنڈے، بدنیتی پر مبنی غلط معلومات اور منظم غلط بیانی کی لہر کے لیے فوری طور پر ایک محرک بن گئی۔ یہ آوازیں حقائق کی درستگی، سیاق و سباق کی تفہیم یا مجموعی قومی مفاد کی پرواہ کیے بغیر یہ بے ہودہ، اشتعال انگیز اور انتہائی نقصان دہ بیانیہ پھیلانے لگیں کہ پاک فوج کسی نہ کسی طرح ملک کا پیسہ "لوٹ" رہی ہے اور چند مراعات یافتہ افراد کے فائدے کے لیے اپنی کاروباری سلطنت چلا رہی ہے۔ حقیقت کی یہ سوچی سمجھی اور خطرناک مسخ کاری نہ صرف مکمل طور پر جھوٹی اور من گھڑت ہے بلکہ یہ ایک قابل احترام قومی ادارے کی سالمیت اور ان سابق فوجیوں اور شہداء کی مقدس قربانیوں کی بھی ایک گہری توہین ہے جن کی یہ بے لوثی سے خدمت کرتا ہے۔ لہٰذا، باخبر شہریوں کے لیے ضروری ہی نہیں بلکہ انتہائی ناگزیر ہے کہ وہ مکمل تفصیلی، شواہد پر مبنی اور ناقابل تردید حقائق کے ساتھ اس پروپیگنڈا کا مقابلہ کریں، تاکہ فوجی فاؤنڈیشن کی حقیقی نوعیت، تاریخی سیاق و سباق، آپریشنل میکانزم اور یادگار شراکتوں کو روشن کیا جا سکے اور اس طرح ان بے بنیاد، غیر ذمہ دارانہ اور نقصان دہ الزامات کا ایک حتمی، جامع اور فیصلہ کن جواب فراہم کیا جا سکے جو قومی فلاح و بہبود کے ایک اہم ستون کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دیتے ہیں۔

فوجی فاؤنڈیشن پاکستان کے سب سے معزز، دور رس، بااثر اور قابل قدر فلاحی اداروں میں سے ایک ہے جو جامع سماجی ترقی اور سابق فوجیوں کی وسیع پیمانے پر معاونت کے لیے ایک حقیقی عزم کی ایک روشن مثال ہے، جس کا دائرہ اور پیمانہ جنوبی ایشیائی خطے میں بے مثال ہے۔ اس کی ابتدا منفرد طور پر گہری بصیرت، سٹریٹجک منصوبہ بندی اور قومی فرض کے گہرے احساس میں پیوست ہے۔ 1954 میں قائم کیے گئے اس ادارے کا ابتدائی اور سب سے اہم مقصد سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کی بحالی، امداد اور فلاح و بہبود تھا جو ایک ایسا عظیم مقصد تھا جس کی مالی اعانت قومی خزانے یا ٹیکس دہندگان کے پیسے سے نہیں بلکہ دوسری جنگ عظیم کے بعد برطانوی حکومت کی طرف سے خاص طور پر پاکستانی سابق فوجیوں کے لیے چھوڑے گئے 18.4 ملین روپے کے حلالی فنڈ کے دور اندیش، بصیرت افروز، سٹریٹجک اور بصیرت انگیز استعمال سے کی گئی۔ یہ ایک حقیقت ہے جسے اس کے ناقدین اکثر نظرانداز کر دیتے ہیں۔ اس رقم کو ایک یک وقتی تقسیم میں خرچ کرنے کے بجائے جو صرف عارضی راحت فراہم کرتی اور تیزی سے ختم ہو جاتی، اس وقت کی بصیرت انگیز قیادت نے اسے ایک خود کفیل، دائمی اور بڑھتے ہوئے ادارے کی تشکیل میں انویسٹ کرنے کا انتخاب کیا جو آنے والی نسلوں کی خدمت کرے گا۔ یہ ابتدائی سرمایہ، جو پاک فوج کے جنگی اثاثوں کی فروخت سے حاصل ہوا، وہ بیج تھا جس سے ایک طاقتور اور پھلدار درخت اگا ہے، جو کئی دہائیوں کے قومی اور عالمی اقتصادی طوفانوں کا سامنا کر چکا ہے۔ جو ادارہ ایک معمولی ٹرسٹ کے طور پر صرف ریٹائرڈ فوجی اہلکاروں کی خدمت کے لیے شروع ہوا تھا، وہ سات دہائیوں کی منظم نگہداشت کے بعد صحت، تعلیم، روزگار، بڑے پیمانے کی صنعت اور کمیونٹی فلاح و بہبود کے اہم شعبوں تک پھیلے ہوئے ایک بڑے، کثیر جہتی اور مربوط سماجی و اقتصادی اور فلاحی گروپ میں تبدیل ہو چکا ہے، جو پاکستان کے جاری اور چیلنجنگ ترقیاتی سفر میں منفرد طور پر ایک طاقتور، بااثر اور خود کفیل قوت بن گیا ہے۔ سابق فوجیوں کی ایک چھوٹی امدادی سوسائٹی سے ایک پھیلتے ہوئے سماجی و اقتصادی ادارے میں یہ قابل ذکر تبدیلی شاندار سٹریٹجک منصوبہ بندی، بہترین آپریشنل کارکردگی اور غیر متزلزل مالی ڈسپلن کا منہ بولتا ثبوت ہے، جو ادارہ سازی میں ایک مثالی نمونہ ہے۔ فوجی فاؤنڈیشن کی خدمات پاکستان کی آبادی کے ایک وسیع حصے کی سماجی و اقتصادی ترقی کی بنیاد ہیں۔ عالمی معیار کی صحت کی دیکھ بھال اور معیاری تعلیم سے لے کر اقتصادی ترقی اور سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود تک اس کی شراکتیں قومی خدمت کے ایک بھرپور، پیچیدہ اور پائیدار تانے بانے کی تشکیل کرتی ہیں جو کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ یہ کاروباری ذہانت اور انسانی ہمدردی کے عزم کے کامیاب، اخلاقی اور پائیدار انضمام کی مثال ہے جو یہ ثابت کرتی ہے کہ سرمایہ داری کا بھی دل ہو سکتا ہے۔ فاؤنڈیشن کی ترقی کا سفر غیر معمولی رہا ہے جو ایک وژن کی تکمیل کی کہانی ہے۔ 1959 میں ایک 50 بستروں والے ہسپتال سے شروع ہو کر اس کے موجودہ پورٹ فولیو میں اب ملک بھر میں 74 طبی سہولیات میں 1,800 سے زیادہ بستر اور 128 تعلیمی ادارے شامل ہیں، جو 10 ملین سے زیادہ ضرورت مندوں یا قومی آبادی کے تقریباً 5 فیصد حصے کو خدمات فراہم کر رہے ہیں جو ایک انتہائی شاندار رسائی ہے۔

اس کا انڈوومنٹ فنڈ احتیاط سے اور سٹریٹجک طور پر قومی ترقی اور سلامتی کے لیے اہم شعبوں جیسے کہ زراعت، بنیادی ڈھانچے، بجلی اور توانائی میں انویسٹ کیا جاتا ہے اور یقینی بنایا جاتا ہے کہ اس کی سرمایہ کاری بھی قومی مفاد کی خدمت کرے۔ اہم بات یہ ہے کہ شفافیت اور عوامی شرکت کے لیے ان میں سے زیادہ تر سرمایہ کاریاں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) پر عوامی طور پر لسٹڈ ہیں، جو کارپوریٹ گورننس، بین الاقوامی اکاؤنٹنگ معیارات اور ریگولیٹری جانچ کے اعلیٰ ترین سطحوں کے تحت کام کرتی ہیں۔ خود ملکیتی کا ڈھانچہ اجارہ داری یا رازداری کے افسانوں کو غلط ثابت کرتا ہے۔ ان کمپنیوں کے 55 فیصد حصص عام عوام، عام شہریوں، ادارہ جاتی سرمایہ کاروں اور پنشن فنڈز کی ملکیت ہیں، جبکہ فاؤنڈیشن صرف 45 فیصد حصص برقرار رکھتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کمپنیوں کی کامیابی براہ راست ہزاروں عام پاکستانی شہریوں کو مالا مال کرتی ہے، جو قوم کے لیے دولت پیدا کرتی ہے نہ کہ صرف ادارے کے لیے۔ مثال کے طور پر فاؤنڈیشن کو ہر سال تقریباً 30 بلین روپے ڈیویڈنڈ میں ملتے ہیں، جس میں سے 16 بلین روپے اس کے عوامی شیئرز ہولڈرز کو ادا کیے جاتے ہیں، جو شہریوں کی جیبوں میں براہ راست پیسہ ڈالتے ہیں۔ مزید برآں، قومی خزانے میں اس کی شراکت شاندار ہے اور ہر سال 170 بلین روپے سے زیادہ ڈیوٹیوں، ٹیکسوں اور لیویز میں دیے جاتے ہیں جو اسے پاکستان میں سب سے بڑے ٹیکس دہندگان میں سے ایک کے طور پر درجہ بند کرتا ہے جو حکومت کے اپنے ترقیاتی منصوبوں کو مالی اعانت فراہم کرتی ہے۔ یہ ایک بڑا آجر بھی ہے، جس میں 27,000 ملازمین ہیں، جن میں سے 80 فیصد سے زیادہ عام شہری ہیں، جو ملک بھر میں ہزاروں خاندانوں کو روزی روٹی فراہم کرتے ہیں۔

اس طرح کی فاؤنڈیشن کی اخلاقی ذمہ داری ناقابل تردید ہے اور یہ قومی اور اخلاقی دونوں ضروریات میں گہری جڑیں رکھتی ہے۔ سابق فوجیوں، ان کے خاندانوں اور شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود ایک سنجیدہ اور ناقابل مصالحت قومی فریضہ ہے۔ ان افراد نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حفاظت کے لیے بے پناہ اور حتمی قربانیاں دی ہیں جو اکثر زندگی بھر جسمانی معذوریوں، نفسیاتی صدمے اور مشکلات کو برداشت کرتے ہیں۔ ان کی جامع دیکھ بھال خیرات نہیں ہے بلکہ یہ ایک اخلاقی، سماجی، تاریخی اور سٹریٹجک ذمہ داری ہے جو قومی سلامتی، سماجی استحکام اور معاشرے کے اخلاقی تانے بانے کو مضبوط کرتی ہے۔ یہ خدمت کرنے والے فوجیوں کے حوصلے کو تقویت دیتی ہے اور انہیں یہ یقین دلاتی ہے کہ ان کی اور ان کے خاندانوں کی دیکھ بھال کی جائے گی اور معاشرے میں عزت، احترام اور حب الوطنی کی ثقافت کو فروغ دیتی ہے۔ جو شہریوں کو ان کی آزادی کی قیمت یاد دلاتی ہے۔

مزید برآں، فلاح و بہبود کی مالی اعانت کے لیے فوج سے وابستہ تجارتی منصوبوں کا ماڈل صرف پاکستان ہی میں منفرد نہیں ہے۔ یہ تصوراتی طور پر نہ ہی متنازع بلکہ ایک کامیاب اور قائم شدہ عالمی مثال ہے۔ امریکہ میں آرمی اینڈ ایئر فورس ایکسچینج سروس (AAFES) ایک بڑے عالمی ریٹیل نیٹ ورک کو چلاتی ہے جو فارچیون 500 کمپنی کی طرح ہے، جس میں اس کی آمدنی کا 100 فیصد، صرف 2024 میں 295 ملین ڈالرز، فوجی ارکان کے لیے حوصلہ، فلاح و بہبود اور تفریح (MWR) کے پروگراموں میں واپس ڈالی جاتی ہے اور وہ مکمل طور پر ٹیکس دہندگان کی فنڈنگ کے بغیر یہ سب کرتی ہے جو جمنازیم سے لے کر لائبریریوں تک ہر چیز کی حمایت کرتی ہے۔ اسی طرح نیوی ایکسچینج سروس کمانڈ دنیا بھر میں تقریباً 300 سے زیادہ اسٹورز چلاتی ہے۔ خود امریکی آرمی بڑی صنعتی سہولیات کی مالک ہے جیسے کہ جوائنٹ سسٹم مینوفیکچرنگ سینٹر (لیما آرمی ٹینک پلانٹ) اور لیک سٹی آرمی ایمونیشن پلانٹ، جو دفاعی تیاری، تکنیکی اختراع اور روزگار کے لیے اہم ہیں، جو حکومت کی ملکیت ہیں اور ٹھیکیداروں کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ لوگوں پر تفریح اور رہائش بھی اس ماحولیاتی نظام کا حصہ ہیں، جس میں ایسی شراکت داریاں ہیں جو سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود کے مقاصد کی حمایت کرتی ہیں، جیسے کہ IHG آرمی ہوٹلز کی شراکت داری جس نے نئے نظر ثانی شدہ کے لیے تقریباً نصف بلین ڈالر جمع کیے ہیں۔ دیگر مثالیں، جیسے کہ آرمی ریکریشن مشین پروگرام کا پورے ملک اور پرسلاٹ مشینوں کا MWR فنڈز دینے کے لیے استعمال، انٹرپرائز کے ذریعے فلاح و بہبود کے لیے آمدنی پیدا کرنے کے عام موضوع کو اجاگر کرتی ہیں۔

لہٰذا فوجی فاؤنڈیشن پر کی جانے والی تنقید نہ صرف بے بنیاد اور گمراہ کن ہے بلکہ یہ جان بوجھ کر حقیقت کو نظرانداز کرتی ہے۔ یہ بہترین ادارہ جاتی کارکردگی کی ایک منفرد مثال اور ایک خود کفیل انجن ہے جو قومی معیشت میں بڑے پیمانے پر حصہ ڈالتا ہے، بے پناہ سماجی فلاح و بہبود فراہم کرتا ہے اور قوم کے محافظوں کو وقار کے ساتھ عزت بخشتا ہے۔ اس طرح کے ادارے کے خلاف پروپیگنڈا پھیلانا دراصل روزگار کی تخلیق، اقتصادی ترقی اور قومی سلامتی اور ان ہیروز کی فلاح و بہبود کی مخالفت کرنا ہے جو ملک کی خدمت کرتے ہیں۔ پاکستان کے عوام، جو اس کی وسیع خدمات سے براہ راست اور بالواسطہ طور پر مستفید ہو رہے ہیں، بجا طور پر اس کے قابل تحسین کردار کو تسلیم کرتے ہیں اور اس کی خدمت کے ورثے کو داغدار کرنے کے مقصد سے کسی بھی بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہیں۔ فوجی فاؤنڈیشن ایک قابل فخر ماڈل ہے جس نے یہ ثابت کیا ہے کہ کس طرح سٹریٹجک وژن، آپریشنل سالمیت اور مالی ذمہ داری ہم آہنگ ہو کر قومی بھلائی کے لیے ایک مشن سرانجام دے سکتی ہیں۔

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، قلم کاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ......(ادارہ)

## ایشیا کپ، کلدیپ یادیو نے شاداب خان کا ریکارڈ توڑ دیا

دبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی اسپنر کلدیپ یادیو نے دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے خلاف ایشیا کپ 2025ء کے دوسرے میچ کے دوران پاکستان کے 20 آئی کے اسپنر شاداب خان کا ریکارڈ توڑ دیا۔ کلدیپ نے 8/4 کے بولنگ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 7/4 کے ... ☆☆☆☆

## امت کی بخشش

خالق ارض و سما نے جب عرش، آسمان، لوح محفوظ، آفتاب، مہتاب و نجوم، بہشت جہنم، عالم برزخ شجر پہاڑ، سمندر صحرا، ریگستان دریا جھیلیں، جھرنے ندیا نالے آبشار پھل پھول باغات گلشن، چرند پرند، رنگ سے حیوانات، حشرات ارض سمندر اور سمندری مخلوق، پہاڑی سلسلے، برفستان، آسمان کی ستاروں سے بنی چادر دیو ہیکل درخت، اٹھاراں ہزار جہاں، رنگوں خوشبوں اور لذت سے بھرپور، پھل حسن و جمال محبت، وعشق سے لبریز اس کائنات کو تخلیق کر چکا تو چاہا کہ اب اپنی ذات کا اظہار کرے اور اپنے محبوب کریم ﷺ کا ذکر اور نام کو چار دانگ عالمین میں مشہور کرے تو اپنے ہی نور سے اپنے محبوب ﷺ کے نور کو پیدا فرمایا اور پھر ستر ہزار حریر و خوبصورت پردوں میں چھپا کر رکھا اس واقعہ کو صدیاں بیت گئیں پھر پیشانی عرش پر اپنے نام کے ساتھ اپنے محبوب ﷺ کا اسم پاک مرقوم فرمایا پھر فرشتوں اور حوروں کو وجود بخشا، اور پھر وقت گزرتا رہا تمام تخلیق شدہ اشیا اور کائنات کا چپہ چپہ محبوب خدا کی آمد کا منتظر تھا جن کی آمد کے لیے کائنات کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا اور پھر خالق کائنات نے اپنے دست قدرت سے حضرت آدم کو تخلیق فرمایا اور ان کی خوش قسمتی جبیں اقدس میں اپنے محبوب کے نور کو رکھا۔ کیونکہ محبوب اور سب سے اعلیٰ ہستی کو آخر میں بھیجا جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ محبوب سے زیادہ عرصہ جدا نہیں رہا جا سکتا پھر حضرت آدم سے لے کر حضور نبی کریم ﷺ کے اس عالم رنگ و بو میں تشریف لانے تک نور محمدی ﷺ جن عظیم انسانوں میں منتقل ہوتا رہا وہ سب کے سب عالی نسب و مرتب باوقار و ذی احترام تھے ان میں انبیا و رسل بھی تھے اور غیر نبی بھی تمام کے تمام شرک و الحاد سے کوسوں دور تھے، باکردار اور وجاہت مآب پاکیزہ ان کی زندگی کا ہر لمحہ گناہوں سے پاک تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ پاک لوگوں کو ہی پسند کرتا ہے اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ نور محمدی ﷺ ناپاکی کے قریب بھی گیا ہو محبوب خدا نے خود فرمایا کہ میں نکاح سے ظاہر ہوا ہوں ناجائز طریقے سے ظاہر نہیں ہوا، حضرت آدم سے لیکر اس وقت تک جب کہ میرے والد اور والدہ نے مجھے جنا مجھے زمانہ جاہلیت کی کسی غلط چیز نے نہیں چھوا، علمائے کرام کی یہ رائے ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے تمام آبا و امہات اپنے اعتقاد میں انبیا تمام بندوں سے چنے ہوئے تھے قیامت پر یقین رکھتے تھے اس کی باقی مخلوق سے بہتر ہوتے ہیں اس لیے ان کو ایسے عناصر سے چنا جاتا ہے جو پاک اور بہترین ہو جو اعلیٰ ہوں اور ہر عیب سے پاک ہوتے ہیں تاکہ لوگ ان کے سامنے سر جھکا سکیں اور غور سے ان کی باتیں سنیں اور ان پر عمل کریں۔ خدا تعالیٰ اپنے محبوب سے بہت محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اے پیارے اگر میں تمہیں پیدا نہ کرتا سارے جہاں کو پیدا نہ کرتا یعنی اگر میری تجھ سے محبت کا اظہار مقصود نہ ہوتا تو

میں عرش و فرش کو کبھی وجود نہ بخشتا آپ سے محبت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے تمام انبیا سے اپنے محبوب کو زیادہ شان اور برگزیدہ بنایا، اللہ رب العزت نے جب تمام ارواح کی محفل سجائی تو تمام ارواح سے اپنی وحدانیت کا وعدہ اور اقرار لیا اور کہا سورعمران کی آیت نمبر 81: اگر تم میرے محبوب ﷺ کا زمانہ پاؤ تو دل و جان سے ان کی مدد کرنا ان پر ایمان لانا، ارشاد گرامی کو تمام ارواح انبیا کرام نے سنا اور قبول کیا اور اطاعت کا وعدہ بھی کیا، اس جہاں رنگ و بو کی تخلیق کے بعد خالق بے نیاز نے جس عظیم ہستی کا لباس بشریت سے نوازا وہ ہمارے باپ حضرت آدم تھے اور پھر جب حضرت آدم نے شجر ممنوعہ میوہ کو چکھا تو حکم ربی کی نافرمانی پر انہیں زمین پر اتار دیا گیا اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے محبوب کی محبت اور عشق کو بھی آسمانوں سے زمین پر اتارا تاکہ کائنات کا ذرہ ذرہ معطر اور روشن ہو جائے، حضرت آدم اس نافرمانی کی وجہ سے بہت شرمندہ اور سوگوار تھے وہ غفلت اور نافرمانی کے ازالے کے لیے ہر وقت دعائیں، معافیاں، آہ و بکا گریہ زاری اور توبہ کرتے مگر توبہ کی قبولیت نہیں ہو رہی تھی۔ آپ دن رات گریہ زاری میں مصروف تھے اور پھر خدا کو ان پر رحم آیا اور پھر حضرت آدم نے اس نام کے وسیلے سے دعا کی: اے میرے مالک اے غفور و رحیم تیرے نام کے ساتھ جو تیرے محبوب کا اسم پاک ہے تو اس کے صدقے میری خطا درگزر فرما مجھے معاف فرما دے، اس نام کے ساتھ دعا مانگتے ہی قبولیت کا لمحہ آیا اور توبہ کا دروازہ کھل گیا یہ رسول کریم ﷺ کے مبارک نام اقدس کی رحمت کی پہلی جلوہ گری تھی جس کے وسیلے سے مالک کائنات انسانوں کے گناہ اور خطائیں بخشنے لگا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے لوگو یہ کارخانہ عالم خدائے رحمن و رحیم نے صرف اپنے محبوب کی خاطر قائم کیا ہے اگر تم ان کا زمانہ پاؤ تو ان پر ایمان لے آنا، اور ہر دور میں انبیا کرام اللہ کے حضور یوں دعا کرتے تھے اے اللہ تیرے محبوب کی عظمت و توقیر اور محبت ہماری روح میں رچی بسی ہے ہم سے نبوت لے لے اور ہمیں اپنے محبوب ﷺ کا امتی بنا دے۔ محبوب ہمیشہ آخر میں آتا ہے اور پھر اس کے آنے کے بعد کسی کے آنے کی ضرورت نہیں رہتی جب تمام انبیا کرام اس دنیا میں تشریف لا چکے تو آخر میں مالک کائنات نے اپنے محبوب کو بھیجا اور ان کا نام بھی خود ہی رکھا عاشقان محبوب ﷺ کہتے ہیں، قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا حساب کتاب تو صرف چار گھنٹوں میں ختم ہو جائے گا باقی تمام وقت رسول اللہ ﷺ کی حمد کرنے میں گزرے گا، جب خدا تعالیٰ نے اس جہاں رنگ و بو کو رونق بخشی چاروں طرف عشق و محبت کے چشمے پھوٹنے لگے تو خالق ارض و سما نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ظاہر فرماتے ہیں بہت سی چیزیں جو تم نے کتاب میں چھپا ڈالی تھیں

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

# نظامِ انصاف میں فرانزک سائنسز کی اہمیت، جامعہ پونچھ میں سیمینار

سچائی کی تلاش میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر، جرائم کی کھوج کیلئے پیشہ وارانہ مہارت انتہائی ضروری، طلبہ کی دلچسپ ڈاکومنٹری

**سیمینار سے ڈین اگریکلچر ڈاکٹر امتیاز، ڈپٹی کمشنر سردار عمر فاروق، ڈاکٹر زبیر، نجم الثاقب ایڈوکیٹ، وسیم خورشید و دیگر کا اظہار خیال**

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے شعبہ فارنزک سائنسز کے زیر اہتمام، نظام انصاف میں فرنزک سائنسز کی اہمیت "جرم کو مجرم سے جوڑنے میں ثبوت کا کردار" کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں کرائم سین سے کمرہ عدالت تک ثبوت کی فراہمی کے طریقہ کار، کرائم سین کو محفوظ بنانا، جسمانی و حیاتیاتی ثبوت سمیت ثبوت کے تجزیے، فرنزک نتائج کو آسان زبان میں بیان کرنے کی اہمیت سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈین فیکلٹی آف اگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین کی زیر صدارت اجلاس میں ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان، ڈپٹی کمشنر پونچھ (بقیہ 20 صفحہ 03)

# الیکشن کمیشن ترمیم کے بعد حکم امتناع پر چل رہا ہے، بیرسٹر گوہر

**عدلیہ ہمیشہ سے متنازع، سپریم کورٹ کے جج بھی انصاف مانگ رہے ہیں**

اسلام آباد (صباح نیوز) تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن 26ویں ترمیم کے بعد حکم امتناع پر چل رہا ہے اور ہمارے ارکان کو نااہل کرنے کا سیزن ابھی تک جاری ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن ہمارے خلاف ہر فیصلہ رات کی تاریکی میں کرتا ہے، پاکستان کی عدلیہ ہمیشہ سے متنازع رہی ہے، سپریم کورٹ کے (بقیہ 19 صفحہ 03)

# صحت کارڈ کی فوری طور پر بحالی کی جائے، ڈاکٹر مشتاق

**مسائل کی ذمہ دار نااہل اور موروثی قیادت ہے، امیر جماعت اسلامی**

مظفرآباد، جہلم ویلی (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں و کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا کہ حکومت غریب عوام کی سہولت کے لیے صحت کارڈ بحال کرے، جماعت اسلامی اقتدار میں آکر ترقیاتی بجٹ 2سو ارب روپے سے زائد کرے گی، ہمارے مسائل کی ذمہ دار نااہل اور موروثی قیادت ہے، عوام کو صحت اور تعلیم مفت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جماعت اسلامی (بقیہ 18 صفحہ 03)

# ہنر کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا، چیئرمین ٹیوٹا

حکومت آزاد کشمیر خطے کی خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر خود انحصاری اور خوشحالی کی راہ ہموار کر رہی ہے

**محکمہ اپنی مثال آپ ہے جو آزاد کشمیر میں نہ صرف خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے تربیتی مراکز قائم کر رہا ہے**

باغ (دھرتی نیوز) چیئرمین آزاد جموں و کشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (اے جے کے ٹیوٹا) خواجہ محمد نعیم کل نے کہا ہے کہ حکومت آزاد کشمیر خطے کی خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر خود انحصاری اور خوشحالی کی راہ ہموار کر رہی ہے، جدید دور میں صرف تعلیم کافی نہیں، بلکہ ہنر کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت آزاد کشمیر اپنے وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مختلف اضلاع میں ایسے منصوبے چلا رہی ہے جن سے پڑھے لکھے نوجوان اور خواتین اپنے گھروں میں باعزت روزگار حاصل کر کے معاشی خود مختاری کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ چیئرمین ٹیوٹا (بقیہ 01 صفحہ 03)

# حضرت محمد ﷺ انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں، مولانا فرحان

**اپنی زندگیوں کو سیرت رسول ﷺ کے اصولوں کے مطابق ڈھالنا ہوگا**

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف عالم دین مولانا قاضی فرحان حمید نے کہا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ مسلمانوں ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، اگر آج کا مسلمان دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے اپنی زندگی کے ہر شعبے کو قرآن اور سیرت النبی ﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ (بقیہ 22 صفحہ 03)

## فیصل آباد، مخالفین کی فائرنگ، 2افراد قتل، ایک زخمی

فیصل آباد (صباح نیوز) فیصل آباد کے علاقہ کھرڑیانوالہ روڈ چک 56ج ب میں مخالفین کی فائرنگ سے 2افراد قتل اور ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق 40سالہ عظیم شوکت (بقیہ 23 صفحہ 03)

راولاکوٹ: مسلم ہینڈز اسکول آف ایکسی لینس میں میلاد مقابلہ جات میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس کو شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

## کھڑک ویلفیئر آرگنائزیشن کی ذیلی تنظیموں کے اجلاس کا شیڈول

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کھڑک ویلفیئر آرگنائزیشن کی ذیلی تنظیم (ناڑہ بکر، دیلی و درمن، کھان) کے زیر اہتمام ذیلی دفتر نزد پرانی چونگی نمبر 02 بائی پاس (کراس) کھڑک ماہوار میٹنگ کا انعقاد جا رہا ہے۔ جس میں ویلفیئر کے ذمہ داران، عوام علاقہ کو شرکت کی دعوت (بقیہ 21 صفحہ 03)

## روس نے پولینڈ کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کے الزامات کو مسترد کر دیا

ماسکو (صباح نیوز) روسی وزارت خارجہ نے پولینڈ کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کے الزامات کو مسترد کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی وزارت خارجہ نے بیان میں کہا کہ حملے میں پولینڈ کی حدود میں کوئی ہدف (بقیہ 24 صفحہ 03)

## کیمسٹ ایسوسی ایشن باغ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کیمسٹ ایسوسی ایشن ضلع باغ کے نومنتخب سیکرٹری اطلاعات توصیف عظیم نے کامیاب امیدواروں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کیمسٹ ایسوسی ایشن کے حالیہ انتخابات میں کیمسٹ اتحاد پینل نے جو کامیابی حاصل کی یہ کامیابی دراصل باغ کی پوری کیمسٹ برادری کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات (بقیہ 25 صفحہ 03)

# کیوبا میں بجلی کا طویل بریک ڈاؤن، لاکھوں شہری متاثر

**بندش کی وجوہات جاننے کیلئے تحقیقات جاری، لوگوں کو شدید مشکلات**

ہوانا (صباح نیوز) کیوبا ایک بار پھر تاریکی میں ڈوب گیا اور لاکھوں شہری بجلی سے محروم ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کیوبا میں ایک سال کے دوران پانچویں مرتبہ بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا جس کے نتیجے میں لاکھوں افراد بجلی سے محروم ہو گئے اور معمولات زندگی شدید متاثر ہوئے ہیں۔ کیوبا کی وزارت توانائی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ بجلی کے نظام کا مکمل رابطہ منقطع ہو گیا ہے (بقیہ 26 صفحہ 03)


# اطلاع عام

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ کے قارئین کرام اخبار بروقت نہ ملنے کی صورت میں درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

**خورشید نیوز ایجنسی**

کچہری چوک راولاکوٹ

منجانب

سردار محمد اشرف خان

(سینئر اخبار فروش)

0336-5175428


# عوام کو بڑے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، لیاقت بلوچ

**بھارتی آبی دہشت گردی انتہائی بڑے نقصانات کا باعث بنی، گفتگو**

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بھارتی آبی دہشت گردی بڑے نقصانات کا باعث بنی، وفاقی اور صوبائی حکومتوں، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے سرکاری اداروں کے ناقص انتظامات سے بھی عوام کو بڑے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ لیاقت بلوچ نے دریائے ستلج تندار پوسٹ ضلع قصور سے ملحق سیلاب زدہ آبادیوں کا دورہ کیا، (بقیہ 17 صفحہ 03)

# ڈاکٹر مفکر مرحوم تحریکِ آزادی کا سرمایہ افتخار تھے، غلام صفی

**انہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی لمحات انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کیے**

اسلام آباد (کے پی آئی) معروف صحافی، طبیب اور مصنف ڈاکٹر مفکر کو لاہور میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کچھ عرصے سے بیمار تھے، ڈاکٹر مفکر پیا ہسپتال مظفر آباد کے سابق میڈیکل آفیسر بھی رہے ہیں۔ انہوں نے حزب میڈیا انچارج کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیں۔ ایک بیان میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے کنوینر غلام محمد صفی نے ڈاکٹر مفکر مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا (بقیہ 02 صفحہ 03)

## حریت کانفرنس کے رہنما حیات احمد بٹ 6سال بعد جیل سے رہا

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما حیات احمد بٹ 6سال بعد جموں کی کوٹ بھلوال جیل سے رہا ہو گئے ہیں۔ سری نگر کے رہائشی حیات احمد بٹ کو (بقیہ 03 صفحہ 03)

# مہاجرین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا مطالبہ

**جان و مال کی قربانیاں دینے والوں کو حقوق دیئے جائیں، سید صلاح الدین**

مظفر آباد (کے پی آئی) حزب المجاہدین کے سربراہ اور متحدہ جہاد کونسل کے چیئرمین سید صلاح الدین احمد نے ارباب اقتدار آزاد جموں و کشمیر سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ مہاجرین جموں و کشمیر کے مطالبات اور جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہ تحریک (بقیہ 04 صفحہ 03)

## جلال پور شہر کو بچانے کیلئے اوچ شریف روڈ پر شگاف ڈال دیا گیا

ملتان (صباح نیوز) سیلاب سے ملتان کے قریب جلال پور شہر کو بچانے کے لیے اوچ شریف روڈ پر شگاف ڈال دیا گیا۔ حکام کے مطابق جلال پور شہر کو بچانے کے لیے بنائے گئے (بقیہ 05 صفحہ 03)

باغ: کور کمانڈر جنرل (ر) شیر افگن، ڈی جی (ر) ظہیر گردیزی، بریگیڈیئر (ر) اختر شاہ کرنل و دیگر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# بلوچستان میں شدید بارشوں کے نتیجے میں سیلاب کا خطرہ

**شاہراہ پاکستان پر ہیوی ٹریفک کے داخلے پر پابندی لگا دی**

کراچی (صباح نیوز) بلوچستان میں شدید بارشوں اور تھنڈ و ڈیم اور ڈھو ہونے کے نتیجے میں سیلاب کے خطرے کے پیش نظر کراچی ٹریفک پولیس نے ناردرن بائی پاس اور شاہراہ پاکستان پر ہیوی ٹریفک کے داخلے پر پابندی لگا دی۔ ٹریفک پولیس کے ترجمان کے مطابق کراچی میں حالیہ بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال کا سامنا ہے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس، ٹریفک کراچی، کی خصوصی ہدایات پر ٹرانسپورٹرز کو مطلع کیا جا رہا ہے کہ بلوچستان میں جاری شدید بارشوں کے نتیجے میں پانی کسی بھی وقت (بقیہ 06 صفحہ 03)

## بلوچستان میں 4زمیندار قتل، 4 اغواء

کوئٹہ (صباح نیوز) بلوچستان کے ضلع خاران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 4افراد مقامی زمیندار قتل جبکہ مسلح افراد 4افراد کو اغواء کر کے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے خاران میں 4 افراد کو فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا جبکہ 4 افراد کو اغوا کر کے فرار ہو گئے (بقیہ 07 صفحہ 03)

باغ: مولانا قاضی فرحان حمید، مفتی ساجد، حافظ اسرار، مولانا طیب، قاری اسماعیل، قاری ساجد شفیق و دیگر سیرت ﷺ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

# ڈپٹی کمشنر سدھنوتی کی زیر صدارت ضلع کونسل، ضلعی آفیسران کا اجلاس

کونسلرز کی اپنے علاقوں کے اہم مسائل جبکہ ضلعی آفیسران کی محکمانہ کارکردگی اور جاری منصوبہ جات پر بریفنگ

**نمائندے مزید رابطہ کاری اور مثبت اقدامات کے ذریعے عوامی مسائل کے حل میں کردار ادا کریں، سید ممتاز کاظمی**

پلندری (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سید ممتاز کاظمی کی زیر صدارت ضلع کونسل اور ضلعی آفیسران کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین ضلع کونسل سردار امجد جاوید کی قیادت میں ڈسٹرکٹ کونسلرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کونسلرز نے اپنے اپنے علاقوں کے اہم مسائل اجاگر کیے جبکہ ضلعی آفیسران نے محکمانہ کارکردگی اور جاری منصوبہ جات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی نمائندوں اور ضلعی آفیسران کا اجلاس آئندہ ماہانہ بنیادوں پر منعقد ہوگا تاکہ عوامی مسائل کو بروقت حل کیا جا سکے اور شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں (بقیہ 27 صفحہ 03)

# پاکستان قائداعظم کی جدوجہد کا نتیجہ ہے، مراد علی شاہ

**اتحاد اور قربانی کو اپنا کر ملک کو حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنائیں**

کراچی (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے خبردار کیا ہے کہ لسانی سیاست سے گریز کیا جائے کیونکہ قوم پہلے ہی اس کی بھاری قیمت ادا کر چکی ہے۔ مزار قائد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان قائداعظم کی جدوجہد کا نتیجہ ہے اور اب ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان کے اصول ایمان، اتحاد اور قربانی کو اپنا کر ملک کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنائیں۔ مراد علی شاہ (بقیہ 16 صفحہ 03)

# سیلاب متاثرین کے وسائل کی لوٹ مار پر شدید تنقید کا اظہار

**عالمی اداروں کو سنگین صورت حال پر فوری متوجہ کیا جائے، محمد سلیم بھٹی**

اسلام آباد (صباح نیوز) ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب محمد سلیم بھٹی نے کہا ہے کہ سیلاب کی آڑ میں متاثرین کا استحصال اور وسائل کی لوٹ مار ناقابل برداشت ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی تجویز پر عمل کرتے ہوئے اقوام متحدہ (بقیہ 15 صفحہ 03)

# چناری، ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈی آئی سی کا اجلاس

**سیکیورٹی اداروں سمیت ضلعی محکمہ و انتظامی افسران کی بھرپور شرکت**

چناری (خصوصی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی بیلش جرال کی زیر صدارت ضلعی انٹیلیجنس کمیٹی (DIC) کا ایک اہم اجلاس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہٹیاں بالا میں منعقد ہوا، جس میں سیکیورٹی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، بین المذاہب ہم آہنگی، سرکاری املاک اور تعلیمی اداروں کی حفاظت، (بقیہ 14 صفحہ 03)

# مسلم ہینڈز سکول آف ایکسی لینس چھتر کے زیر اہتمام پروقار تقریب

میلاد مصطفیٰ کے تسلسل میں طلباء و طالبات کے مابین قراءت، تقریری مقابلہ جات، اہم شخصیات کی شرکت

**انٹرمیڈیٹ کے حالیہ امتحان میں پوزیشنز، نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سابق طلباء کو بھی شیلڈز سے نوازا گیا**

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مسلم ہینڈز سکول آف ایکسی لینس چھتر راولاکوٹ کے زیر اہتمام میلاد مصطفیٰ کے تسلسل میں طلباء و طالبات کے مابین قراءت، تقریری مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا، اس باوقار محفل کے مہمان خصوصی ملک کے معروف مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس تھے جبکہ صدارت مسلم ہینڈز کے میجر سردار افتخار انقلابی نے کی، جبکہ ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر اقبال بٹ، مولانا شاہد فاروق، مولانا اسرار اشرف، پروگرام آفیسر (بقیہ 08 صفحہ 03)

# اسرائیل خطے کے امن اور استحکام کیلئے خطرہ ہے، حماس

**دنیا کی کوئی بھی طاقت حماس کو اپنے قومی کردار سے روک نہیں سکتی، بیان**

دوحہ (صباح نیوز) اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل خطے کے امن اور استحکام کیلئے خطرہ ہے۔ حماس کے سیاسی دفتر کے رکن حسام بدران نے ایک بیان میں کہا کہ قابض اسرائیل کے جرائم دو تحریک کے قائدانہ فیصلوں پر اثر ڈال سکتے ہیں نہ ہی مختلف دھڑوں کے ساتھ اس کے مستقل رابطوں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ رابطے اس قومی فیصلے کے لیے ہیں جو (بقیہ 09 صفحہ 03)

## نیتن یاہو کو اپنے عمل کا حساب دینا ہوگا، قطری وزارت خارجہ

دوحہ (صباح نیوز) قطری وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ نیتن یاہو کو اپنے عمل کا حساب دینا ہوگا۔ قطری وزارت خارجہ نے بیان میں کہا کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے فکر میں حماس (بقیہ 10 صفحہ 03)

# سرینگر، لداخی رہنماؤں کی مطالبات کے حق بھوک ہڑتال

**بھارتی وزارت داخلہ نے گزشتہ دو ماہ میں کوئی میٹنگ نہیں کی ہے، تنقید**

سری نگر (کے پی آئی) لداخ سے تعلق رکھنے والے ماحولیاتی کارکن سونم وانگچک اور لیہ ایپکس باڈی کے ارکان نے لداخ کے عوام کے سیاسی حقوق بشمول ریاستی حیثیت اور چھٹے شیڈول کے تحت تحفظ کے مطالبے کے حق میں لیہ میں 35روزہ بھوک ہڑتال شروع کی۔ وانگچک نے لیہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی وزارت داخلہ نے گزشتہ دو ماہ میں ان سے (بقیہ 11 صفحہ 03)

## ماہ رنگ بلوچ اور دیگر رہنما جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کوئٹہ (صباح نیوز) بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کی مرکزی رہنما ماہ رنگ بلوچ اور دیگر رہنما، مزید 15روزہ جسمانی ریمانڈ پولیس کے حوالے کر دیئے گئے، ملزمان کو کوئٹہ کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پیش (بقیہ 12 صفحہ 03)

# آزاد کشمیر کے عوام عمران خان کیساتھ ہیں، امجد خان نیازی

**ایکشن کمیٹی کی جانب سے ہڑتال کی کال پر مکمل حمایت کرتے ہیں، خطاب**

چناری (خصوصی رپورٹر) ممبر قومی اسمبلی امجد خان نیازی، پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے نائب صدر سید ذیشان حیدر، سیکرٹری جنرل میر عتیق الرحمن نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام عمران خان کے ساتھ حق و صداقت کی آواز بلند کر رہے ہیں، 29 ستمبر کے آزاد کشمیر میں ایکشن کمیٹی کے احتجاج میں عوام بھرپور قوت اور طاقت کے ساتھ شریک ہوں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ساون کے مقام پر پی ٹی آئی جہلم ویلی کے نوجوان رہنما سید مشرف شاہ ہمدانی و برادران کی میزبانی میں منعقدہ تجدید عہد وفا کی ایک (بقیہ 28 صفحہ 03)

## ایشیا کپ: بنگلہ دیش اور ہانگ کانگ کے درمیان میچ آج کھیلا جائے گا

ابوظہبی (صباح نیوز) ایشیا کپ 2025ء کے تیسرا میچ بنگلہ دیش اور ہانگ کانگ کے درمیان آج ابوظہبی میں کھیلا جائے گا۔ میچ رات ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ اس سے قبل (بقیہ 29 صفحہ 03)

# تتہ پانی، ثقافتی/دیہی میلہ، روایتی وقدیمی کھیلوں کا مظاہرہ

**ثقافت کے رنگ بکھیرنے کیلئے اہم اقدامات، شائقین کا بھرپور جوش**

تتہ پانی (نمائندہ دھرتی) تتہ پانی کے نواحی علاقہ دھوں میں روایت کو زندہ رکھتے ہوئے بڑے ثقافتی و دیہی میلہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں روایتی و قدیمی دیہی کھیل بازو گیری (بینی) کا مقابلہ ہوا، آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں سے نامور پہلوانوں نے مقابلہ میں حصہ لیا، جنہوں اپنی طاقت و (بقیہ 13 صفحہ 03)

# چناری، میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام محافل میلاد کا سلسلہ جاری

**انفرادی و اجتماعی زندگیوں کو دین اسلام کے مطابق ڈھالنے پر بھی زور**

چناری (خصوصی رپورٹر) لائن آف کنٹرول سے ملحقہ کھلانہ ویلی میں مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام محفل میلاد النبی ﷺ کا سلسلہ جاری، جامع مسجد مدرسہ قادریہ بڑی بہک میں محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا، میلاد النبی ﷺ کی منعقدہ محفل میں علماء کرام سمیت علاقہ کے عاشقان رسول ﷺ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، نعت خواں حضرات نے عقیدت کے پھول نچھاور کیے، میلاد النبی ﷺ کی منعقدہ محفل میں کھلانہ ویلی کے مشہور سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری طارق ساگر نے بطور مہمان خصوصی شرکت (بقیہ 31 صفحہ 03)

## سی پی ایل: فالکنز نے دلچسپ مقابلے کے بعد واریئرز کو چار وکٹوں سے ہرا دیا

پروویڈنس (صباح نیوز) کیریبئن پریمیئر لیگ میں آج بارباڈوس فالکنز نے دلچسپ مقابلے کے بعد گیانا ایمازون واریئرز کو چار وکٹوں سے شکست دے دی۔ پہلے بیٹنگ کرتے (بقیہ 30 صفحہ 03)

کوٹلی: لیڈی چیف انسٹرکٹر شہری دفاع کوٹلی صوبیہ صدیق، اکرام ربانی و دیگر (سلائی کڑھائی مرکز) میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ میں شرکاء کو شہری دفاع کا ابتدائی تربیت دے رہے ہیں